قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

ستمبر تا دسمبر 2018، ذوالحجہ تا ربیع الاوّل 1440ھ | شمارہ 9

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

**اخلاص | امانت وصداقت | صبرواستقامت | خیرخواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام**



## نئے سال کا آغاز اپنی اصلاح سے

شمسی کیلنڈر کے مطابق نئے سال کا آغاز ہوگیا ہے۔ نئے سال کے شروع ہوتے ہی ہمیں ایک نئے ولولے، نئی امنگ اور نئے جذبے کے ساتھ اچھے اچھے کام کرنے کی نیت کرلینی چاہیئے۔ ہم میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ وہ ایک مثالی انسان بنے، سب اس کو پسند کریں، سب اس کو عزت دیں۔ اس کے لیے ہمیں نبی کریم ﷺ نے ایک بہت آسان نسخہ دیا ہے کہ ''دوسروں کے لیے وہی پسند کریں جو اپنے لیے پسند کرتے ہیں''۔ آیئے! اس سال کا ایک مشن بناتے ہیں کہ ہم دوسروں کو سلام میں پہل کریں گے، دوسروں کو عزت واحترام دیں گے، عمدہ اور مہذب انداز میں گفتگو کریں گے، دوسروں کو حقیر اور کم تر محسوس نہیں ہونے دیں گے اور معاملات میں آسانی اور لچک اپنائیں گے۔ اگر ہم ان باتوں پر عمل کریں گے تو دوسرے بھی ہمارے ساتھ بہترین معاملہ کریں گے۔ انسان کا اخلاق ہی اسے ایک اچھا انسان بناتا ہے۔ انسان کے اخلاق کا اظہار اس کی زبان، اس کے رویے اور معاملات سے ہوتا ہے اور اس کا براہ راست تعلق دل سے ہے۔ لہٰذا دل کی گہرائیوں سے اپنی اصلاح کرنی ہے اور دوسروں سے معاملہ اللہ تعالیٰ کی خاطر کرنا ہے۔ جب ہم دوسروں کے لیے اچھی سوچ اور بہترین رویہ اپنائیں گے تو اللہ تعالیٰ ہمارے لیے بھی خیر وبھلائی کے دروازے کھولے گا۔

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ! ہمارا نیا شمارہ پیش نظر ہے۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ الھدیٰ میں ہونے والی سرگرمیوں میں اپنے قارئین کو شامل رکھنے کے لیے مسلسل آگہی فراہم کرتے رہیں۔ گزشتہ چار ماہ میں تعلیمی وتدریسی، خدمت خلق اور ابلاغ عامہ کے شعبوں میں حسب معمول بہت سے کام ہوتے رہے اور یقیناً آپ میں سے بہت سے لوگ ان میں شریک بھی ہوئے ہوں گے۔ ہم ان کا ایک مختصر جائزہ پیش کررہے ہیں۔ اندرون اور بیرون ملک کئی جگہ نئی کلاسز کا اجرا ہوا اور مختلف موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اپنے کرم فرماؤں کے تعاون سے الھدیٰ کی ٹیم نے طعام مسکین پروگرام اور دوردراز سرد علاقوں میں گرم کپڑوں کی تقسیم کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ الحمدللہ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کینیڈا کے نہایت مفید اور ایمان افروز علمی سفر سے واپس آنے کے بعد اسلام آباد میں تکمیلِ قرآن کی تقریب، کراچی میں کانووکیشن میں شرکت اور کئی مقامات پر مختلف دروس دینے کے بعد پاکستان کے مختلف شہروں میں اپنے علمی سفر پر رواں دواں ہیں۔ آپ سب جہاں بھی ہیں علم کے اس خزانے سے فائدہ اٹھائیں اور اس سنہری موقع سے ضرور مستفید ہوں۔ اپنی قیمتی آرا ہمیں بھیجتے رہیں۔

طاہرہ خان

## اہم خبریں

### ''رسول اللہ ﷺ سے محبت'' کے موضوع پر دبئی میں لیکچر

دبئی ویمن ایسوسی ایشن، دیرہ کے زیراہتمام 16 دسمبر 2018 کو ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ''رسول اللہ ﷺ سے محبت'' کے موضوع پر لیکچر دیا جس میں خصوصی طور پر برداشت کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے سیرت النبی ﷺ سے مثالیں دے کر اس اعلیٰ اخلاقی صفت کو اپنانے، مثبت اقدار کی ترویج اور بااصول بننے کی ضرورت پر زور دیا۔ وہاں موجود 500 سے زائد خواتین کے علاوہ آن لائن سامعین بھی اس مفید لیکچر سے مستفید ہوئے۔



### تعلیم القراءات العشرۃ الصّغریٰ کورس کا آغاز

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں 7 جنوری 2019 سے تعلیم التجوید کے ایک سالہ نئے کورس کا آغاز ہورہا ہے۔ تفصیلات اندرونی صفحات پر۔

### 2018 ایک نظر میں

ہر سال کی طرح 2018 بہت سی کامیابیاں، کچھ غم اور کچھ خوشیاں دے کر نئے عزائم کی نشان دہی کر کے گزر گیا۔

- 19 فروری کو استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی والدہ محترمہ خالق حقیقی سے جا ملیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین
- 29 مارچ کو الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ کولمبو میں پہلی بار کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا۔
- آسٹریلیا میں مرد حضرات کے لیے فہم القرآن کورس کا آغاز ہوا۔
- اندرون اور بیرونِ ملک استاذہ ڈاکٹر فرت ہاشمی صاحبہ کے خصوصی لیکچرز اور ایمان افروز دروس کا سلسلہ جاری رہا۔
- الھدیٰ انٹرنیشنل سکول کی شاخیں پشاور اور فیصل آباد میں بھی قائم کی گئیں۔
- رمضان اور عید کے خصوصی پروگرام اور خدمتِ خلق کے کارہائے نمایاں بھی 2018 میں بہت مفید ثابت ہوئے۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یاربّ

## تکمیلِ قرآن تقریب

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں 22 دسمبر 2018 کو تعلیم القرآن 1 (اردو اور انگلش)، تعلیم الحدیث، تعلیم التجوید، فہم القرآن اور تدبر القرآن کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ کورس مکمل کرنے والی طالبات نے مؤثر انداز میں پروگرام پیش کیا جس میں انہوں نے کورس سے متعلق اپنے تاثرات بیان کیے جو حاضرین کے لیے بہت حوصلہ افزا تھے۔ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ''فقہ القلوب'' سے ''فقہ الاستفادہ من الایمان'' کا باب پڑھایا۔ جس سے ایمان میں اضافے کے ساتھ عملی زندگی میں درپیش مسائل کے لیے بھی راہ نمائی ملی۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے طالبات کو بہت سی مفید نصیحتیں کیں جن میں سے ایک یہ تھی کہ گھر والوں کو قرآن سکھانے کے لیے خدمت اور اچھے اخلاق سے ان کے دل جیتنے ہوں گے۔

## تعلیم القراءات العشرۃ الصغریٰ کورس کا آغاز

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں تلاوتِ قرآن میں مہارت حاصل کرنے کا شوق رکھنے والی خواتین کے لیے شاطبیہ و درّہ کے طریق سے عشرۃ قراءات کے نایاب علم کو سیکھنے کے لیے ایک سالہ کورس (جنوری تا دسمبر 2019) کا آغاز کیا جارہا ہے جس میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جائیں گے:

- قواعد التجوید
- قراءات عشرۃ میں مکمل قرآن کا اجرا (ترتیل)
- حفظ القرآن (منتخب حصہ)
- تدبر القرآن (منتخب حصہ)
- صحیح البخاری (منتخب ابواب)

## تکمیل آن لائن تجوید کورس

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں 10 دسمبر 2018 کو القراءات العشرۃ آن لائن کورس کی تکمیل ہوئی۔ اس موقع پر فضیلۃ الشیخ قاری ابراہیم میر محمد اور قاری صہیب احمد میر محمدی صاحب مہمان گرامی تھے۔ تجوید کو آرڈینیٹر شمیم ارشاد نے اس کورس کا مختصر تعارف اور پروگرام کی ترتیب کے بارے میں آگاہ کیا۔ کورس مکمل کرنے والی طالبات نے سورۃ النصر سے سورۃ الناس کی مختلف طرز قراءات ترتیل سے تلاوت کی۔ اس کے بعد قاری صہیب میر محمدی صاحب نے قراءت قرآن کے فضائل بیان کیے اور علم القراءات سبعہ کی تاریخ و ارتقاء پر مختصراً آگاہی دی۔ دونوں مہمانانِ گرامی نے سوالات کے مدلل جوابات بھی دیے۔ آخر میں طالبات کی درخواست پر قاری صہیب احمد میر محمد صاحب نے سورۃ آل عمران کی آخری آیات روایت خلف عن حمزہ میں تلاوت کیں۔

## شعبہ ٹریننگ کے تحت ورکشاپس

الہدیٰ شعبہ ٹریننگ اسلام آباد کے تحت اسلام آباد اور راولپنڈی کے بہت سے علاقوں میں مفید ورکشاپس منعقد کروائی گئیں۔ موضوعات میں حقوق العباد، محرم الحرام، طہارۃ، کامیاب ازدواجی زندگی، سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم، فضائل قرآن اور بچوں کی تربیت جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ ان ورکشاپس میں مجموعی طور پر شرکاء کی تعداد 1863 تھی۔

## الہدیٰ کراچی ریجن کانووکیشن تقریب

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ DHA کراچی میں 29 دسمبر 2018 کو بارہویں کانووکیشن کی تقریب منعقد ہوئی۔ اکیڈیمک کوآرڈینیٹر نیلوفر جمیل نے کراچی ریجن کی رپورٹ پیش کی۔ اس تقریب کا تھیم ''ٹیم ورک'' تھا، اسی کی مناسبت سے سندھ ریجن کی ویڈیو رپورٹ پیش کی گئی۔ طالبات نے اپنے تاثرات پیش کیے۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے ''فقہ القلوب'' سے باب'' فقہ الاستفادہ من الایمان '' پڑھایا۔ اس تقریب میں 486 طالبات نے اسناد وصول کیں نیز پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔



## تربیتی پروگرام برائے سکولز و کالجز

الہدیٰ حیدرآباد برانچ کی جانب سے نئی نسل کو قرآن سے جوڑنے کے لیے ایک پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کے تحت ہر ماہ کسی سکول یا کالج کا دورہ کیا جاتا ہے اور طلبا و طالبات کو الہدیٰ کا تعارف کروایا جاتا ہے نیز مختلف موضوعات پر قرآن و سنت کی روشنی میں گفتگو کی جاتی ہے۔ موضوعات میں کامیاب طالب علم کیسے بنا جائے، طالب علم اور استاد کا باہمی تعلق، نظم و ضبط اور مثبت اخلاقی اقدار کی ترویج وغیرہ شامل ہیں۔ اسی پروگرام کے تحت سٹاف ممبرز نے 10 اکتوبر 2018 کو دی رئیل ایجوکیٹرز اور فل برائٹ گرائمر سکول حیدرآباد کا دورہ کیا۔ اس سرگرمی کو بہت سراہا گیا اور اساتذہ کے لیے بھی ایسے سیشن کروانے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔

## شعبہ ایچ آر کے تحت ٹریننگ

شعبہ ایچ آر ہیڈ آفس کے تحت نئے سٹاف کے لیے 27 تا 31 دسمبر کو orientation ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔ شعبہ تعلیم اور شعبہ ٹریننگ کے ساتھ مل کر یہ ٹریننگ کروائی گئی۔ نیز کوآرڈینیٹر ATEC عائشہ اقبال نے 29 دسمبر کو Teaching Styles and Techniques کے حوالے سے ٹریننگ دی۔ یہ ٹریننگز سٹاف کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں بہت معاون ثابت ہوں گی۔

## نیشنل بک فیئر میں شرکت

الہدیٰ لاہور ریجن ٹیم نے کیم تا 5 نومبر 2018 کو ایکسپو سینٹر میں منعقدہ بک فیئر میں سٹال لگایا۔ لوگوں میں الہدیٰ کے تعارفی پمفلٹس تقسیم کیے گئے نیز LCD پر پریزنٹیشن کے ذریعے مفید معلومات فراہم کی گئیں۔ سینیئر سٹاف ممبر فریحہ میلہ نے ''مقصدِ حیات'' پر مختصر درس بھی دیا۔

## منارالاسلام موسم سرما کورس

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ D.H.A کراچی میں چار سے دس سال کی عمر کے بچوں کے لیے آٹھ روزہ موسم سرما کورس کروایا گیا جس میں بچوں کو قرآن مجید کی کچھ سورتیں حفظ کروانے کے ساتھ ساتھ دعائیں اور دیگر مثبت سرگرمیاں بھی کروائی گئیں۔ بچوں کی دلچسپیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تفریحی انداز میں سکھانے کا اہتمام کیا گیا۔

## شجرکاری مہم میں شرکت

الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ D.H.A کراچی کی طالبات اور سٹاف نے ''اربن فارسٹ پروجیکٹ'' کے تحت 15 ستمبر 2018 کو تقریباً 100 پودے لگائے۔ شجرکاری سے قبل وہاں موجود پروجیکٹ ڈائریکٹر نے جاپانی طرز ''Miyawaki (ایک ہی pit میں 15 پودوں تک کا لگانا)'' پر پودے لگانے کے بارے میں تفصیلات بتائیں۔

## کاروانِ علم ہے رواں دواں

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کینیڈا کے نہایت مفید اور ایمان افروز علمی سفر سے واپس آنے کے بعد دبئی اور پھر پاکستان کے مختلف شہروں میں اپنے علمی سفر کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تفصیلات درج ذیل ہیں:

- دبئی ویمن ایسوسی ایشن، ابوجیل، 126 دیرہ، 16 دسمبر 2018 ''رسول اللہ ﷺ سے محبت''
- الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ DHA کراچی، 24 دسمبر 2018 ''صحیح البخاری، باب الاشربۃ''
- قبا مسجد گلشن معمار کراچی، 25 دسمبر 2018 ''سونے جاگنے کے آداب و اذکار''
- خواتین کلب انسٹی ٹیوٹ کراچی، 26 دسمبر 2018 ''صحیح البخاری، شرب اللبن''
- عائشہ منزل برانچ، کراچی، 27 دسمبر 2018 ''صحیح البخاری، باب استعذاب''
- نارتھ ناظم آباد برانچ کراچی، 28 دسمبر 2018 ''فقہ القلوب، فقہ الاستفادۃ من الایمان''
- الہدیٰ انسٹی ٹیوٹ DHA کراچی، 29 دسمبر 2018 ''فقہ الاستفادۃ من الایمان''



## کائنات کی نشانیوں میں غور و فکر

سبحان اللہ! ہمارے اردگرد فطرت میں اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں کتنے سبق پنہاں ہیں۔ چند دنوں کی بارش کے بعد سورج کی کرنوں نے موسم خزاں میں درختوں کے پتوں کے خوب صورت رنگوں کو مزید نکھار دیا۔ میں نے آج صبح زمین پر گرے ہوئے ان رنگ برنگ پتوں میں سے ایک اٹھا کر اپنے بیگ میں رکھ لیا اور یہ سوچتی رہی کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی تخلیق کردہ چیزوں سے کتنا کچھ سیکھا جا سکتا ہے۔ ان درختوں اور پتوں کو دیکھ کر ایک دعا جو دل سے میری زبان پر آئی ''اے اللہ سب کاموں میں ہمارا نیک انجام کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔'' درخت کے ان پتوں کا بھی ایک مقصد حیات ہے اور ہماری زندگی کا بھی۔ پتوں کے بدلتے خوب صورت رنگوں سے میں نے اطاعت، بہترین صبر، امید اور وقار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے آگے سر تسلیم خم کرنا سیکھا۔ ہمیں اپنے دل اور اعمال کو احسان کے درجے پر لانا ہے اور اس کا سب سے بڑا بدلہ جو ہمیں ملے گا وہ اپنے ربّ کی محبت ہے۔ اے اللہ! ہمارے دلوں کو ایمان سے مزین فرما، ہمارے اعمال کو احسان کے ساتھ درست فرما اور ہمیں دنیا و آخرت میں اپنا قرب نصیب فرما۔ آمین

مریم واسطی

# خدمتِ خلق
Al-Huda Cares!

## تھر (سندھ) میں میڈیکل اور امدادی کیمپ

الہدیٰ حیدرآباد برانچ کی ٹیم نے قحط، افلاس اور بیماری سے دوچار تھر کے مکینوں کے لیے 26 اور 27 ستمبر کو میڈیکل اور امدادی کیمپ لگایا۔ گوٹھ مٹی سنگراسی، ڈیپلو سٹی اور پبو جو پار میں تقریباً 150 مریضوں کا معائنہ کیا گیا اور انہیں مفت ادویات مہیا کی گئیں۔ لوگوں میں کپڑے، جوتے، کھانا اور پانی کی بوتلیں بھی تقسیم کی گئیں۔ تھر کے مکین ہماری مزید توجہ اور ہمدردی کے منتظر ہیں۔



## موسم سرما کی شدت میں احساس ہمدردی

شعبہ خدمتِ خلق اسلام آباد کی ٹیم نے 8 دسمبر 2018 کو ایبٹ آباد، خیبر پختون خواہ کے قریبی گاؤں نردوبہ میں مستحق افراد میں گرم کپڑے اور راشن بیگ تقسیم کیے۔ 12 دسمبر 2018 کو اس ٹیم نے ناران کا بھی دورہ کیا اور الہدیٰ مانسہرہ برانچ کے سٹاف کے ساتھ مل کر مستحق افراد میں لحاف تقسیم کیے۔ قبل از وقت برفباری کی وجہ سے علاقے کے مکینوں کو لحاف اور گرم کپڑوں کی شدید ضرورت تھی۔ بروقت مدد پر لوگوں کی آنکھوں میں تشکر کے آنسو تھے۔ اس موقع پر انہوں نے الہدیٰ کو دلی دعائیں دیں۔



## دکھی اور پریشان حال لوگوں کی خدمت

شعبہ خدمت خلق اسلام آباد کے تحت شعبہ کاؤنسلنگ گزشتہ کئی سالوں سے نفسیاتی اور ذاتی مسائل سے دوچار خواتین کی راہنمائی کے لیے اپنی خدمات انجام دے رہا ہے۔ ماہر سائیکالوجسٹ فائزہ جواد صاحبہ اس شعبے کی انچارج ہیں۔ گزشتہ چار ماہ کے دوران کاؤنسلنگ کے ذریعے تقریباً 51 لوگوں کی مدد کی گئی۔ در پیش مسائل میں ازدواجی زندگی، ذہنی تناؤ، منفی سوچ، روحانی مسائل، جادو اور نظر بد، والدین اور بچوں کے مسائل شامل تھے۔

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

## الہدیٰ میرج بیورو



میرج بیورو، شعبہ خدمتِ خلق اسلام آباد کے تحت 2002 سے باقاعدہ خدمات انجام دے رہا ہے۔ اس شعبہ کے مندرجہ ذیل مقاصد ہیں:

- مناسب رشتے تلاش کرنے میں والدین کی مدد کرنا
- والدین کو کاؤنسلنگ کے ذریعے رشتوں پر آمادہ کرنا اور اچھی امید دلانا
- شادی کی تقریبات کو قرآن وسنت کے مطابق کرنے کی ترغیب اور راہنمائی دینا

2018 میں الہدیٰ میرج بیورو اسلام آباد کے توسط سے 78 رشتے کامیابی کے ساتھ انجام پائے

میرج بیورو فارم کی سہولت الہدیٰ ویب سائٹ پر موجود ہے

http://www.farhathashmi.com-categorized/marriage/

## الہدیٰ کی نئی مطبوعات




- نماز کے اذکار (کتاب)
- نماز کے بعد کی دعا (کارڈ)
- قرآن اور احسان (کتاب)


- Supplications for ease in life (Card)
- Supplication after Salah (Poster)
- Juzz Two-Word for word translation of the Qur'an (Revised)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دنیا (عارضی) فائدے کی چیز ہے اور دنیا کے سازوسامان میں نیک عورت سے بہتر کوئی چیز نہیں''۔

[ابن ماجہ: 1855]

# سٹوڈنٹ کارنر

## تبصرۂ کتاب




اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے اور دنیا کو اس کے لیے دارالامتحان قرار دیا۔ دنیا سے رخصتی کے بعد انسان کی پہلی منزل قبر ہے جہاں اس کو ایک بڑا امتحان درپیش ہوگا بنیادی طور پر تین سوالات کا سامنا کرنا ہوگا۔ الھدیٰ پبلی کیشنز نے ان سوالات سے آگاہی اور تیاری کے لیے ایک کتاب ''قبر کے تین سوال'' کے نام سے شائع کی ہے۔ اس کتاب میں قرآن وحدیث کی روشنی میں مقصدِ حیات بیان کرنے کے بعد زندگی کے سفر کا اختتام یعنی موت کی حقیقت بیان کی گئی ہے۔ موت ایک ایسی اٹل حقیقت ہے جس سے انسان غافل ہے۔ دلوں کو نرم کر دینے والی آیات واحادیث سے مزین یہ کتاب آج کے مسلمان کے لیے راہ نما بھی ہے اور زادِ راہ بھی۔ آخری صفحہ پر سفرِ آخرت کا ایک نقشہ وضع کیا گیا ہے جو ہر باشعور انسان کو مؤمن بنانے کے لیے کافی ہے۔ مطالعہ کے شائقین اور صراطِ مستقیم کے خواہش مندوں کے لیے یہ ایک بھرپور کاوش ہے۔

راشدہ پروین

### قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

### الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں نئے شارٹ کورسز

الھدیٰ اپنے مقصد کے حصول کے لیے حتی الامکان کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے اسی سلسلے میں الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں ہفتہ وار شارٹ کورسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔

- فہم القرآن (اردو، انگلش)، سورۃ البقرہ تفسیر، حی علی الفلاح، میرا جینا میرا مرنا، صبح کے اوقات میں ہوں گے جب کہ تعلیم التجوید، سورۃ البقرہ حفظ کورس شام کے اوقات میں کروائے جائیں گے۔ رابطہ برائے تفصیلات:

فون: +92 51 48661259 ، ای میل: alhuda.admission@gmail.com

### سوشل میڈیا کی ذریعے قرآن کورسز

جنوری 2019 سے خواتین کے لیے گھر بیٹھے انٹرنیٹ کے ذریعے مندرجہ ذیل کورسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ فہم القرآن، تعلیمِ دین اور صوت القرآن (انگلش)۔ رابطہ برائے تفصیلات:

فون: +92 312 5255688 ، ای میل: smcourse.isb@alhudapk.com

سکائپ: smc.alhudapk

## حسن کلام

قرآن کا پڑھنا نہیں ہے کوئی معمولی کام — تجوید سے پڑھنا ہی تو ہے حسن کلام
اک الگ سیکشن کا ہے یہاں اہتمام — حفظ وعشرۃ القراءات کا بھی ہے انتظام
اس سیکشن کا حال ہیں ہم آپ کو سناتے — کیا کیا یہاں پر ہم ہیں سیکھتے سکھاتے
اس شوق میں سب ہی گروہ در گروہ آئیں — تلاوت کی گونج الھدیٰ میں پھیلائیں
سلام ہو ان پر جو یہ استاد ہیں ہمارے — محنت کے شیدا، اصولوں کے ہیں پکے
خوش الحانی سے پڑھنا ہی کافی نہیں ہے — اصول، ضابطے اور قواعد ہیں بتاتے
دلوں کی صفائی کے لیے تربیت ہیں کرتے — قرآن پر عمل اور حکمت ہیں سکھاتے
ترتیل سے قرآن جہاں پڑھتے ہیں سارے — آسماں والوں کو ایسے گھر لگتے ہیں ستارے
قرآن کا سیکھنا سکھانا ہے اک مسلسل جہاد — اسی سے ہوگی دنیا و آخرت شاد و آباد

مریم طارق۔ تعلیم التجوید

## الھدیٰ مطبوعات پر سیل




الھدیٰ پبلی کیشنز نے یکم دسمبر 2018 تا 30 جنوری 2019 اپنی منتخب مطبوعات پر 55% ڈسکاؤنٹ کا اعلان کیا ہے۔ شائقین کتب اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

رابطہ برائے مزید معلومات

فون: 51-4866150-051 ، وٹس ایپ: +923218014008

ای میل: alhudapublications.org@gmail.com

ویب سائیٹ: www.alhudapublications.org

## تعزیت

الھدیٰ سیرۃ سٹڈی سینٹر سیالکوٹ کی سٹاف ممبر سلمیٰ ضیاءالدین اور الھدیٰ رباط برانچ کراچی سے فارغ التحصیل طالبہ بشریٰ عنایت کے انتقال پر ملال پر الھدیٰ تمام اسٹاف وطالبات کی طرف سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری دونوں بہنوں کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

### الھدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کیمپس

### الحمدللہ

اللہ تعالیٰ کے فضل اور مخیّر حضرات کے تعاون سے سکول 80 فیصد تعمیر ہو چکا ہے۔ سکول کی مکمل تعمیر کے لیے مزید عطیات درکار ہیں۔ آپ سے گزارش ہے کہ اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ شکریہ



Help Us BUILD the FUTURE

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول
اکاؤنٹ نمبر: 0102383446209 (PKR)
بینک کا نام: البرکہ بینک پاکستان لمیٹڈ
برانچ کا نام: F-7 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان
برانچ کوڈ: 0801
سوئفٹ کوڈ: AIINPKKA
آئی بی این: PK62AIIN0000102383446209
www.aispk.org/contribute

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7- اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر فرحت ہاشمی — مینیجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر طاہرہ خان — ایسوسی ایٹ ایڈیٹر مریم افضل
ڈیزائنر اینڈ کمپوزر سدرہ زاہد